
الادب المفرد

کتاب زندگی



حضرت امام بخاریؒ

نفیس اکیڈمی اردو بازار، کراچی

کتابِ زندگی

اردو ترجمہ

الادب المفرد

اُن احادیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم و آثارِ صحابہؓ کا بیش بہا مجموعہ
جو تمام تر شخصی اخلاق، خاندانی تعلقات، انسانی حقوق، معاشرے اور
قومی فرائض سے متعلق ہیں
یہ کتاب ایک مسلمان مرد یا عورت کی اخلاقی زندگی کے لئے وہ سرچشمۂ ہدایت
ہے جو خود ہادیٔ عالم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال پر مشتمل
ہے، جسے دنیائے اسلام کے سب سے بڑے محدث حضرت امام بخاریؒ
نے جمع کرکے امتِ اسلامیہ کیلئے محفوظ کیا

از
حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ

مترجم
علامہ سید عبدالقدوس ہاشمی ندوی

نفیس اکیڈیمی

اسٹریچن روڈ۔ کراچی ملا (پاکستان)

آفسٹ ایڈیشن

طبع دہم ــــــ اپریل ۱۹۸۳ء
ضخامت ــــــ ۳۶۸ صفحات
فون نمبر ــــــ ۲۱۳۳۰۲

قیمت

مجلد بمعہ پلاسٹک کور ــــــ روپے

طابع
نفیس اکیڈمی آفسٹ پرنٹرز
کراچی، فون ۲۳۶۲۲

حضرت براء بن عازب نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، غزوہ کی نظر ایک شر (جدائی) ہے۔

(۱۶) دولت پیدا کرنا

حنش بن حارث اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہم میں سے کسی کی گھوڑی بچہ دیتی تو ہم مار ڈالتے تھے اور کہتے تھے، ہم جیتے رہیں گے جو اس پر سواری کریں گے۔ پھر ہمارے پاس حضرت عمرؓ کا حکم نامہ آیا کہ جو کچھ اللہ نے تمہیں عطا کیا ہے اسے اچھی طرح رکھو۔ اس کام میں خود غرضی بخل ہے۔

حضرت انس بن مالک نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ اگر قیامت بھی آجائے اور تمہارے ہاتھ میں ایک قلم ہو تو اگر ہو سکے کہ بغیر اس قلم کو زمین میں لگائے ہوئے نہ جائے تو اُسے ضرور زمین میں لگا دے۔

حضرت عبداللہ بن سلام سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا کہ اگر تم سنو کہ دجال نکل پڑا ہے اور تم کسی کیاری میں کاشت کر رہے ہو تو جلدی نہ کرو۔ اس کیاری کو درست کر دو۔ لوگ اس کے بعد بھی زندہ رہیں گے۔

(۱۷) مظلوم کی دعا

حضرت ابوہریرہؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا۔ تین دعائیں مقبول ہیں، مظلوم کی دعا، مسافر کی دعا، اور باپ کی دعا اپنی اولاد کے لئے۔

(۱۸) بندہ کا اللہ عزّ وجل سے رزق مانگنا بہ این لفظ کہ اے اللہ ہمیں رزق دے تو بہترین رزق دینے والا ہے

حضرت جابرؓ نے بیان کیا کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منبر پر سنا ہے، آپ نے یمن کی طرف نظر اٹھائی اور فرمایا کہ اے اللہ ان کے دلوں کو پھیر دے۔ پھر عراق کی طرف دیکھا اور یہی کہا۔ اسی طرح ہر طرف دیکھا اور یہی کہا۔ اور کہا۔ اے اللہ ہمیں زمین کی پیداوار میں سے رزق عطا فرما، اور ہمارے مد اور صاع میں برکت عطا فرما۔